# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 15 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیرِاعظم نریندر مودی آج ممبئی کے دورے پر؛ بحریہ میں تین جنگی جہازوں کی شمولیت۔

☆ مہاراشٹرا حکومت پانی پت میں یادگار کی تعمیر کیلئے درکار زمین حاصل کرے گی۔ وزیرِاعلیٰ کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کی عالمی شہرت یافتہ تاریخی پن چکی اور دروازوں کی تصاویر پر مشتمل ڈاک ٹکٹ کا اجرا۔

☆ تاوان وصولی کے الزام میں گرفتار والمک کراڑ پر مکوکا قانون کا نفاذ۔

اور۔۔۔☆ دسویں اجنتا۔ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آج مرکزی اطلاعات ونشریات محکمے کے سکریٹری سنجے جاجو کی موجودگی میں افتتاح۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِاعظم نریندر مودی آج ممبئی کا دورہ کررہے ہیں۔ وزیرِاعظم کی موجودگی میں بحریہ کے تین جنگی جہازوں آئی این ایس سورت، آئی این ایس نیل گری اور آئی این ایس واگ شیر کی رُونمائی ممبئی میں کی جائے گی۔ وزیرِاعظم نئی ممبئی کے کھارگھر میں شری شری رادھا مدن موہن جی اِسکان مندر کا افتتاح بھی کریں گے۔

***** ***** *****

وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اعلان کیا ہے کہ مہاراشٹر حکومت 14 جنوری 1761 کو پانی پت میں احمد شاہ ابدالی کے خلاف جنگ میں مراٹھوں کی شجاعت کی یادگار کی تعمیر کیلئے درکار زمین حاصل کرے گی۔ گزشتہ روز پانی پت میں منعقدہ ایک پروگرام سے پھڑنویس خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ آئندہ سال سے مہاراشٹر کی ریاستی حکومت بھی اس یادگاری تقریب کے انعقاد میں شامل ہوگی۔ انہوں نے کہا...

*”آج یہ آشواست کرنا چاہتا ہوں، آنے والے دَشکوں دَشکوں تک یہاں پر کاریہ کرم آیوجت کرنے کیلئے شوریہ اِسمارک ٹرسٹ نہیں ہوگا، مہاراشٹر کی سرکار ہی آپ کے ساتھ میں اس کاریہ کرم کا آیوجن کرے گی اور یہاں پر جس زمین کا ادھیگرہن کرنا ہے اس اسمارک کے وِستار کیلئے اس کا ادھیگرہن مہاراشٹر کی سرکار پیسے دیکر کرے گی۔ چھترپتی شیواجی مہاراج کی پرتیما بھی اس بھومی میں ہونی چاہیئے اس کیلئے بھی ہم مہاراشٹر سرکار کی اور سے جو بھی کرنا پڑے وہ کریں گے۔“*

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی عالمی شہرت یافتہ تاریخی پن چکی اور دروازوں کی تصاویر پر مشتمل ڈاک ٹکٹ کا اجرا کل' رُکنِ پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کی ایم جی ایم یونیورسٹی میں منعقدہ اس پروگرام میں کراڑ نے شہر کے ڈاک محکمے کے دفتر سے پاسپورٹ اجرائی کی سہولت فراہم کرنے کی اُمید بھی ظاہر کی۔ سماجی انصاف کے ریاستی وزیر سنجے شرساٹ سمیت کئی معزز شخصیات اس تقریب میں موجود تھیں۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کا ڈاک خانہ ای سائیکلیں حاصل کرنے والا ملک کا پہلا ڈاک خانہ ہے، محکمہ کے دو ملازمین ان ای سائیکلوں پر مختلف شہروں کا سفر کرتے ہوئے ''ڈاک خدمت' عوامی خدمت'' کے تصور کے تحت ممبئی پہنچیں گے۔ اس ای سائیکل ریلی کو ڈاکٹر کراڑ سمیت دیگر معزز شخصیات نے ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

***** ***** *****

ریاست میں تمام نجی مسافر بردار کمپنیوں کو ایک ضابطے کے تحت لانے کا اعلان ریاستی وزیرِ حمل ونقل پرتاپ سرنائیک نے کیا ہے۔ گزشتہ روز منترالیہ میں منعقدہ اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ ایس ٹی ملازمین کیلئے ہرضلع میں 25 پلنگوں کے اسپتال اور بوریولی میں 100 پلنگوں کا اسپتال قائم کرنے اور اس اسپتال میں مہاتما پھلے جن آروگیہ اسکیم کے تحت علاج کی سہولیات فراہم کرنے کی اطلاع بھی سرنائیک نے دی۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا 31 واں نام توسیع دن کل مختلف تقاریب کے ساتھ منایا گیا۔ نام توسیع کی تحریک ملک بھر میں تعلیم کیلئے پہلی سماجی تبدیلی کی تحریک ہے، اور بابا صاحب امبیڈکر کے خیالات ہی اس تحریک کے محرک اور رہنما' ثابت ہوئے ہیں، ان خیالات کا اظہار ناسک کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر ایس سی، ایس ٹی فیڈریشن کی صدر پرنسپل ڈاکٹر اِندرا آٹھولے نے کیا۔ وہ گزشتہ روز یونیورسٹی میں منعقدہ خصوصی لیکچر ''نام توسیع کے بعد کے چیلنجز'' کے عنوان پر اظہار خیال کررہی تھیں۔

***** ***** *****

دریں اثنا' مرکزی وزیرِ مملکت رام داس آٹھولے سمیت کئی معززین نے کل یونیورسٹی کے احاطے میں بابا صاحب کے مجسمہ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے دھاراشیو میں واقع ذیلی مرکز میں بھی کل نام توسیع دن منایا گیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

آوادا ایزجی کمپنی کیلئے دو کروڑ روپئے کا تاوان مانگنے کے الزام میں گرفتار والمک کراڑ کو کیج عدالت نے چودہ دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ کراڑ کی سی آئی ڈی حراست کی مدت ختم ہونے کے بعد، کل اسے عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں کراڑ کو خصوصی تفتیشی ٹیم۔ ایس آئی ٹی کے حوالے کرنے کا حکم دیا۔

والمک کراڑ پر مہاراشٹر کنٹرول آف آرگنائزڈ کرائم ایکٹ (مکوکا) لاگو کیا گیا ہے اور پروڈکشن وارنٹ کی بنیاد پر ایس آئی ٹی کی جانب سے کراڑ کو تحویل میں لینے کی اطلاع سی آئی ڈی کے ڈپٹی پولس سپرنٹنڈنٹ انیل گجر نے دی ہے۔ گزشتہ روز کراڑ کو ضلعی جیل میں لائے جانے کے بعد ان کے سینے میں اچانک درد کی وجہ سے انہیں ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا۔

دریں اثناء کل پرلی میں کراڑ کے حامیوں نے خودسوزی کی کوشش کی، تاہم پولس نے انہیں حراست میں لے لیا۔ ہمارے نمائندے نے بتایا ہے کہ کراڑ کے حامیوں نے کل ضلع کے دیگر مقامات پر بھی احتجاج کیا۔

اسی دوران کل شام پرلی سے کوڑ گاؤں کانڑی جانے والی ایس ٹی بس پر سنگ باری کی اطلاع ملی ہے۔جس کے پیشِ نظر کل شام کے بعد پرلی بس اسٹینڈ سے چلنے والی بسوں کو روک دیئے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی اطلاعات ونشریات محکمے کے سکریٹری سنجے جاجو کی موجودگی میں آج چھترپتی سمبھا جی نگر میں دسویں اجنتا۔ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا افتتاح ہوگا۔ایم جی ایم یونیورسٹی کے رُکمنی آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والی اس افتتاحی تقریب میں اس سال کا پدمپانی لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ تجربہ کار مصنف، ڈرامہ نگار، اور فلم ساز سائی پرانجپے کو تفویض کیا جائے گا۔افتتاحی تقریب سے قبل بھارتی سنیما کے بانی دادا صاحب پھالکے کی ہدایت کاری میں 105 سال پرانی مشہور خاموش فلم کالیا مردَن کی خصوصی نمائش بھی کی جائے گی۔جبکہ آئینا کس، پروزون مال میں رات نو بجے لِٹل جافنا کو افتتاحی فلم کے طور پر دکھایا جائے گا۔

***** ***** *****

سورج کے مکر میں داخلے اور جنوب سے شمال میں منتقل ہونے کا تہوار مکر سنکرانت کل منایا گیا۔سنکرانتی کے تہوار کی مناسبت سے کل سے ہر طرف تہنیتی تقاریب کا آغاز ہوگیا ہے۔

***** ***** *****

مکر سنکرانت تہوار کے موقعے پر پریاگ راج میں جاری کمبھ میلے میں گذشتہ روز امرت اِسنان کا اہتمام کیا گیا۔مختلف 13 آکھاڑوں کے سربراہ مہنتوں اوران کے شاگردوں؛ سادھوؤں نے تین ندیوں کے سنگم پر امرت اِسنان کیا۔تقریباً ساڑھے تین کروڑ سے زائد عقیدت مندوں کے سنگم پر اِسنان کیے جانے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

کمبھ میلے کیلئے دیوگری علاقے سے تقریباً100 سادھو روانہ ہونے کی اطلاع وشو ہندو پریشد کے دیوگری علاقے کے ذمہ دار سنجئے بارگجے نے دی ہے۔اس سے متعلق بارگجے کا معلوماتی انٹرویو آج صبح دس بجکر 45 منٹ پر آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر مرکز کے پروگرام پراسنگک میں نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

سواؤلمبن مشن کے صدر نلیش ہولونڈے پاٹل نے کسانوں کی خودکشیوں کو روکنے کیلئے ضروری اقدامات کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔کل جالنہ ضلع کلکٹر دفتر میں مختلف محکموں کے جائزاتی اجلاس میں انھوں نے یہ احکامات جاری کیے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم آواس اسکیم کے تحت ناندیڑ ضلعے میں ایک لاکھ 20 ہزار اہل شہریوں کے آن لائن اندراج مکمل ہو چکے ہیں۔ضلع دیہی ترقی منصوبے کے سکریٹری ڈاکٹر سنجئے تُباکلے نے یہ اطلاع فراہم کی۔انھوں نے بتایا کہ آن لائن اندراج کرنے والے مستفیدین کو جلد ہی مقررہ ہدف کے تحت باقاعدہ منظوری دی جائے گی۔

***** ***** *****

لائنس کلب آف چھترپتی سمبھا جی نگر چِکل تھانہ شاخ کی جانب سے مفت پلاسٹک سرجری کیمپ کا کل اختتام ہوگیا۔چار دنوں تک چلنے والے اس کیمپ میں تقریباً ڈیڑھ سو سرجریاں کی گئیں۔

***** ***** *****

کھوکھو عالمی کپ مقابلوں میں کل بھارتی خواتین اور مردوں کی ٹیموں نے اپنے اپنے مقابلوں میں جیت حاصل کی۔ مردوں کی ٹیم نے برازیل کو 64-34 سے، جبکہ خواتین کی ٹیم نے جنوبی کوریا کو 18-175 کے بڑی فرق سے شکست دی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِاعظم نریندر مودی کے آج ممبئی دورے پر؛ بحریہ میں تین جنگی جہازوں کی شمولیت۔

☆ مہاراشٹر احکومت پانی پت میں یادگار کی تعمیر کیلئے درکار زمین حاصل کرے گی۔ وزیر اعلیٰ کا اعلان۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کی تاریخی پن چکی اور دروازوں کی تصاویر پر مشتمل ڈاک ٹکٹس کا اجرا۔

☆ تاوان وصولی کے الزام میں گرفتار والمک کراڑ پر مکوکا قانون کا نفاذ۔

اور۔۔۔☆ دسویں اجنتا۔ ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آج مرکزی اطلاعات ونشریات محکمے کے سکریٹری سنجے جاجو کی موجودگی میں افتتاح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****